http://dailygawadarbusiness.com.pk
Email.dailygwadarbusiness@gmail.com
Member APNS
کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت
Daily Gwadar Business Quetta
روزنامہ
ABC Certified
گوادر بزنس
کوئٹہ
جلد 22 | جمعہ 07 اگست 2026ء | 23 صفر المظفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 33

بلوچستان میں سیکورٹی فورسز کی انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز 12 دہشتگرد ہلاک

کارروائی کے دوران دہشت گردوں کا ایک ٹھکانہ بھی تباہ کر دیا گیا، کارروائیاں ردالفتنہ 3 کے تحت جاری انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے سلسلے کا حصہ تھیں، آئی ایس پی آر

دشمن کے حمایت یافتہ دہشت گرد عناصر بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کو یرغمال بنانا چاہتے ہیں، مگران کے تمام مذموم عزائم ناکام بنائے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران 12 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واشک اور مستونگ (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

جولائی 2026 میں تجارتی خسارہ 3.94 ارب ڈالر تک پہنچ گیا

جولائی 2026 کے دوران برآمدات میں 9 فیصد جبکہ درآمدات میں 18 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کا تجارتی خسارہ رواں مالی سال 27-2026 کے پہلے مہینے جولائی میں 3.94 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا، جو گزشتہ سال کے اسی ماہ (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم شہباز شریف سعودی عرب پہنچ گئے

ریاض (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف سعودی عرب پہنچ گئے۔ وزیر اعظم سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی دعوت (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کی شاہِ اردن سے ملاقات، فلسطین اور مشرقِ وسطیٰ کی صورتحال پر تبادلہ خیال

اردن کے فرمانروا کا بھی پاکستان کی قیادت اور عوام کے لیے نیک خواہشات اور دعاؤں کا اظہار

اسلام آباد/عمان (این این آئی) اردن کے دارالحکومت عمان میں یروشلم سے متعلق وزارتی اجلاس کے موقع پر نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے دیگر (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆ جدہ؛ وزیر اعظم شہباز شریف کا سعودی عرب پہنچنے پر گورنر جدہ شہزادہ سعود بن عبداللہ بن جلوی استقبال کر رہے ہیں ☆☆☆☆

ملک میں نئے صوبوں کے قیام سے متعلق مشاورت کا عمل تیز

خیبر پختونخوا اور پنجاب اسمبلیوں کی پہلے سے منظور شدہ قراردادوں کی کوئی اہمیت نہیں، صوبائی اسمبلی سے قبل سینیٹ اور قومی اسمبلی سے دو تہائی اکثریت سے آئینی ترمیم کرنا پڑیگی

نئے صوبوں کیلئے کم از کم آئین کے 4 آرٹیکلز میں ترمیم کرنا ہوگی، خواتین اور اقلیتوں کی نشستوں کا بھی نئے سرے سے تعین اور، صوبوں کی تعداد سینیٹ، قومی صوبائی اسمبلیوں کی نشستوں میں ردوبدل کرنا ہوگا

وزارت پارلیمانی امور اور وزارت قانون نے آئینی و قانونی پہلوؤں جائزہ لینا شروع کر دیا، نئے صوبوں کے قیام کیلئے آئین کے آرٹیکل 239 پر عملدرآمد لازم قرار

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں نئے صوبوں کے قیام سے متعلق حکومتی سطح پر مشاورت کا عمل تیز ہوگیا، وزارت پارلیمانی امور اور وزارت قانون نے آئینی و قانونی پہلوؤں جائزہ لینا شروع کر دیا۔ پارلیمانی ذرائع کے مطابق نئے صوبوں کے قیام کیلئے آئین کے آرٹیکل 239 پر عملدرآمد لازم قرار دیا گیا ہے، خیبر پختونخوا اور پنجاب اسمبلیوں کی پہلے سے منظور شدہ قراردادوں کی کوئی اہمیت نہیں، صوبائی اسمبلی سے قبل سینیٹ اور قومی اسمبلی سے دو تہائی اکثریت (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم سے چینی سفیر کی ملاقات، باہمی تعاون اور علاقائی امور پر تبادلہ خیال

جیانگ زیڈونگ نے وزیر اعظم کو چین کے صدر شی جن پنگ کا خط پیش کیا

چائنہ کے قیام کی سالگرہ کے موقع پر وزیر اعظم کے خط کا اظہار تشکر

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے پاکستان میں تعینات چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ نے وزیر اعظم ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں چینی سفیر نے (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

راولپنڈی؛ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے صومالیہ کے وزیر دفاع سفیر احمد معلم فقی ملاقات کر رہے ہیں

سلامتی کونسل غیر قانونی زیر تسلط کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے، پاکستان

خط میں بھارت کے غیر قانونی زیرِ تسلط جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی مسلسل بگڑتی ہوئی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کیا

سیکرٹری جنرل جموں و کشمیر کے تنازعہ کے منصفانہ، پرامن اور پائیدار حل کے لیے اپنے اچھے دفاتر کو فعال طور پر استعمال کریں، اسحٰق ڈار کا خط

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ بھارت کے زیرِ تسلط جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور آبادی کے تناسب میں تبدیلیوں کے اقدامات کا نوٹس لے جبکہ بھارت 5 اگست 2019 کے یکطرفہ (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کی صدارت میں ہونے والا وفاقی کابینہ کا اجلاس ملتوی کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق کابینہ کا اجلاس وزیر اعظم کے دورہ سعودی عرب کے باعث ملتوی کیا گیا ہے۔ ذرائع (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر داخلہ کا غیر ملکی تربیت کو پولیس افسران کی ٹریننگ کا لازمی حصہ بنانے کا اعلان

لا انفورسمنٹ انویسٹی گیشن سنٹر کے قیام کے لیے پائلٹ پراجیکٹ شروع کیا جائے گا، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے غیر ملکی تربیت کو پولیس افسران کی ٹریننگ کا لازمی حصہ بنانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس نظام کو مزید (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

سلامتی کونسل غیر قانونی زیر تسلط کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے، پاکستان

خط میں بھارت کے غیر قانونی زیرِ تسلط جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی مسلسل بگڑتی ہوئی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کیا

سیکرٹری جنرل جموں و کشمیر کے تنازعہ کے منصفانہ، پرامن اور پائیدار حل کے لیے اپنے اچھے دفاتر کو فعال طور پر استعمال کریں، اسحٰق ڈار کا خط

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ بھارت کے زیرِ تسلط جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور آبادی کے تناسب میں تبدیلیوں کے اقدامات کا نوٹس لے جبکہ بھارت 5 اگست 2019 کے یکطرفہ (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر داخلہ کا غیر ملکی تربیت کو پولیس افسران کی ٹریننگ کا لازمی حصہ بنانے کا اعلان

لا انفورسمنٹ انویسٹی گیشن سنٹر کے قیام کے لیے پائلٹ پراجیکٹ شروع کیا جائے گا، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے غیر ملکی تربیت کو پولیس افسران کی ٹریننگ کا لازمی حصہ بنانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس نظام کو مزید (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

فیلڈ مارشل صومالی وزیر دفاع کی قیادت میں وفد کی ملاقات، باہمی امور پر تبادلہ خیال

فریقین نے مشترکہ سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے عسکری روابط مزید مضبوط اور استعدادِ کار میں اضافے کی اہمیت پر زور دیا

صومالی وزیر دفاع نے خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کی مستقل حمایت اور مسلح افواج کے پیشہ ورانہ کردار کو سراہا

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے صومالیہ کے وزیر دفاع احمد معلم فقی ملاقات کی۔ مسلح افواج کے شعبہ (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کی مسجد نبوی ﷺ میں حاضری، پاکستان کی ترقی کیلئے دعا

مدینہ منورہ (این این آئی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے مدینہ منورہ میں مسجد نبوی ﷺ میں حاضری دی اور روضہ رسول ﷺ پر سلام پیش کیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

امریکا نے بجلی گھروں پر حملہ کیا تو تمام خلیجی ممالک کو اندھیرے میں ڈبو دیں گے، ایران

ایران نے ایسے اہم بجلی تنصیبات اور اہداف کی فہرست بھی پیش کی جنھیں جوابی حملے میں نشانہ بنایا جاسکتا ہے

ایران (این این آئی) ایران نے خبردار کیا ہے کہ اگر امریکا نے ہمارے بجلی گھروں کو نشانہ بنایا تو جواب میں ایک ایک خلیجی ملک کو اندھیرے میں ڈبو دیں گے۔ یہ بات عالمی (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم شہباز شریف سے متعین چینی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

حکومتی پی ٹی آئی کو مذاکرات کی دعوت، مثبت سنجیدہ مخلصانہ رویہ اختیار کرے، تحریک انصاف

مذاکرات ہی سیاسی مسائل کا واحد حل، مذاکرات کے حوالے سے بال پی ٹی آئی کے کورٹ میں ہے، طارق فضل چوہدری

مذاکرات کس سے کس بات پر کرنے ہیں، کب کرنے ہیں کسی کو معلوم ہی نہیں، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے پاکستان تحریک انصاف کو دوبارہ مذاکرات کی دعوت دے دی۔ جمعرات کو پی ٹی آئی رہنماء عامر ڈوگر کی سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے حکومتی مذاکرات کی دعوت پر ردعمل جاری دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں غیر ضروری بیانات اور فوٹو سیشن میں دلچسپی نہیں، اگر (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد میں وزیر اعظم شہباز شریف سے متعین چینی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

آبنائے ہرمز پر پیشرفت سے ایران امریکا مذاکرات کی راہ ہموار ہوگی، خارجہ دفتر

غزہ میں امن فوج سے متعلق کوئی باضابطہ تجویز سامنے آئی تو پاکستان جائزہ لے گا، پاکستان بنگلادیش کے اندرونی سیاسی معاملات میں مداخلت نہیں کرتا

پاکستان خطے میں امن کے لیے برادر ممالک کے ساتھ مل کر سفارتی تعاون جاری رکھے گا، طاہر اندرابی کی بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز پر پیش رفت سے ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات کی راہ ہموار ہوگی، پاکستان خطے میں امن کے لیے برادر ممالک کے ساتھ مل کر سفارتی تعاون جاری رکھے گا، غزہ میں امن فوج سے متعلق کوئی باضابطہ تجویز سامنے آئی تو پاکستان جائزہ لے گا، پاکستان بنگلادیش کے اندرونی سیاسی معاملات میں مداخلت نہیں کرتا۔ ہفتہ وار پریس (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

نیٹ بلنگ قوانین کے نفاذ کے بعد پاکستانیوں نے متبادل حل نکال لیا

جنوری 2024 سے اب تک 6.004 گیگا واٹ صلاحیت کی بیٹریاں امپورٹ کی گئیں

سولر سے بجلی نیشنل گرڈ پہنچنے کے بجائے بیٹریز میں اسٹور کیے جانے کا رجحان بڑھ گیا

لاہور (این این آئی) ملک میں نیٹ بلنگ قوانین کے نفاذ کے بعد شہریوں نے متبادل حل نکال لیا۔ شہریوں میں سولر سے بجلی نیشنل گرڈ پہنچنے کے بجائے بیٹریز میں اسٹور کیے (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وفاقی وزیر ترقی احسن اقبال سنٹرل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ٹرمپ کے ہیلی کاپٹر کے قریب مسافر طیارہ پہنچ گیا، امریکا میں تحقیقات کا آغاز

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے سرکاری ہیلی کاپٹر میرین ون اور ایک تجارتی مسافر طیارے کے مبینہ طور پر خطرناک حد تک قریب آنے کے واقعے (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

25 کلوواٹ تک سولر صارفین کیلئے بڑی سہولت، نیپرا نے لائسنس کی شرط ختم کر دی

اسلام آباد (این این آئی) سولر صارفین کیلئے بڑی خوشخبری سامنے آگئی، نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے سولر (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

امریکا اور ایران کے درمیان معاہدے کی امید، عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں معمولی کمی

واشنگٹن (این این آئی) امریکا اور ایران کے درمیان ممکنہ معاہدے کی (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وزیر اعظم شہباز شریف سے پاکستان میں متعین چینی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

شاہراہوں کو محفوظ، راہزن، بنام عوام اور تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے ناگزیر ہے، وزیر اعلیٰ

ٹرانسپورٹ کا شعبہ صوبے اور ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، حکومت اس شعبے کو درپیش مسائل کے حل کو ترجیح دے رہی ہے

حکومت تمام اسٹیک ہولڈرز سے مسلسل مشاورت کے ذریعے ایسے اقدامات کرے گی جن سے ٹرانسپورٹ کے شعبے کو مزید مضبوط بنایا جاسکے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی کی قیادت میں ٹرانسپورٹرز اور آل پاکستان مزدا ٹرک ملاقات کی ملاقات میں صوبے میں ٹرانسپورٹ کے شعبے کو درپیش مسائل، قومی شاہراہوں پر امن و امان کی صورتحال، تجارتی سرگرمیوں اور مال برداری کے نظام کو مزید مؤثر بنانے (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا میں تیز بارش اور فلش فلڈ کے باعث مزید 9 افراد جاں بحق

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں تیز بارش اور فلش فلڈ کے باعث مزید 9 افراد جاں بحق اور 7 زخمی ہوگئے جبکہ 103 گھروں کو (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

پاکستان سمیت 8 اسلامی ممالک کی غزہ طبی مراکز پر اسرائیلی حملوں کی مذمت

سلامتی کونسل اسرائیل کو بین الاقوامی قانون پر عمل درآمد اور خلاف ورزیوں کے ذمہ داروں کا احتساب یقینی بنائے

غزہ کیساتھ مقبوضہ مغربی کنارے میں آبادکاروں کے حملے اور نئی بستیاں ناقابل قبول ہیں، جاری اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سمیت 8 اسلامی ممالک نے غزہ میں ہسپتالوں اور طبی مراکز پر اسرائیلی حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق 8 اسلامی ممالک میں پاکستان، مصر، ترکیہ، انڈونیشیا، اردن، قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات (یو اے ای) شامل ہیں، اس حوالے سے جاری مشترکہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ اسرائیلی کارروائیاں غزہ امن منصوبے کے دوسرے مرحلے اور مستقل (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

صدر مملکت کا واشنگ اور مستونگ میں 12 دہشت گرد ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف زرداری نے بلوچستان میں ردالفتنہ 3 کے دوران واشنگ اور مستونگ میں 12 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ سے امریکی ناظم الامور کی ملاقات

امریکی ناظم الامور نمالی اے بیکر کی خلیجی تنازع میں پاکستان کے مثبت کردار کی تعریف

وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کی کردار کو قابل تحسین قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون، انصاف و انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے امریکی سفارتخانے کی ناظم الامور محترمہ نمالی اے بیکر نے آج وزارت قانون (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم 6 سے 8 اگست تک سعودی عرب کا سرکاری دورہ کریں گے، دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف 6 سے 8 اگست تک سعودی عرب کا سرکاری دورہ کریں گے۔ جمعرات کو (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

جیل سپرنٹنڈنٹ کی بشریٰ بی بی کو قید تنہائی میں رکھنے کے الزامات کی تردید

اسلام آباد (این این آئی) اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ نے اسلام آباد (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

پلاننگ کمیشن نے 12.437 ارب روپے کے 4 منصوبوں کی منظوری دیدی

50 میگاواٹ بجلی کی فراہمی اور ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک کی اپ گریڈیشن کی تکمیل کے اوقات کار میں ہم آہنگی سے متعلق جامع رپورٹ جلد از جلد پیش کی جائے

240 عشاریہ 537 ارب روپے کے تین منصوبوں کو حتمی منظوری کیلئے ایگزیکٹو کمیٹی آف دی نیشنل اکنامک کونسل کو بھجوا دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پلاننگ کمیشن نے 12.437 ارب روپے کے چار منصوبوں کی منظوری دیدی۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات اور ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن پروفیسر احسن اقبال کی زیر صدارت سنٹرل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

جولائی 2026ء میں 5 ہزار 438 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ، نیا ریکارڈ قائم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں جولائی کے دوران نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن کا نیا ریکارڈ قائم ہوگیا۔ سیکیورٹیز اینڈ (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر داخلہ کا دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے کا عزم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے اضلاع واشک اور مستونگ میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

اسماعیلک کیس، اسپیکر کا آئی جی پولیس کو فوری کارروائی اور ملزمان کی گرفتاری کا حکم

متاثرہ خاندان کو سیکیورٹی فراہم کی جائے، 10 اگست 2026 تک جامع رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (یو این اے) اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی ہدایت پر انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان کو اسماعیلک کیس میں فوری اور موثر قانونی کارروائی کا حکم دے دیا گیا ہے۔ بلوچستان اسمبلی سیکریٹریٹ سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق 5 اگست کو ہونے والے (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر انتخابات میں دھاندلی کا الزام، پیپلز پارٹی کا دوبارہ انتخابات کرانے کا مطالبہ

پیپلز پارٹی کو کالعدم تنظیموں سے جوڑنا سراسر جھوٹ ہے، انتہا پسندی کیخلاف سب سے زیادہ قربانیاں ہم نے دیں، ندیم افضل چن

آزاد کشمیر الیکشن میں رانا ثنا اللہ کے بیان، الیکشن کمیشن کے فیصلوں نے دھاندلی کی بنیاد رکھی، نیئر بخاری

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی نے آزاد کشمیر انتخابات میں دھاندلی کا الزام عائد اور متنازع حلقوں میں دوبارہ انتخابات کرانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ آزاد کشمیر الیکشن میں رانا ثنا اللہ کے بیان اور الیکشن کمیشن کے فیصلوں نے دھاندلی کی بنیاد رکھی، چیف الیکشن کمشنر (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

مہارتوں کی ترقی وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکی ہے، گورنر

سات لاکھ اڑسٹھ ہزار بچوں کو دوبارہ اسکولوں میں واپس لانا محکمہ تعلیم کی قابل فخر کامیابی ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ صوبے کی مجموعی شرح خواندگی میں 7% فیصد اضافہ اور سات لاکھ اڑسٹھ ہزار بچوں کو دوبارہ اسکولوں میں واپس لانا محکمہ تعلیم بلوچستان کی ایک قابل فخر کامیابی ہے۔ وزیر اعظم پاکستان کے تعلیمی پروگرام کے تحت صوبے (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

ٹرمپ نے امریکی اسلحے کے ذخائر میں کمی کی خبروں کو مسترد کر دیا

واشنگٹن (یو این اے) امریکی صدر ٹرمپ نے ٹروتھ سوشل پر کہا ہے کہ امریکا کے پاس بڑی مقدار میں جدید اسلحہ موجود ہے، ملکی (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

پاکستان سٹاک مارکیٹ میں تیزی، انڈیکس ایک لاکھ 81 ہزار پوائنٹس کی حد پر بحال

کراچی (یو این اے) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں تیزی کے باعث انڈیکس ایک لاکھ 81 ہزار پوائنٹس کی حد پر بحال (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

510 مقامات پر پرامن دھرنے، سڑکیں بند کریں گے، حافظ نعیم الرحمٰن

پٹرولیم لیوی کے خلاف احتجاج روکا گیا تو یہ حکومت گراؤ تحریک میں بدل جائے گا

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

مہنگائی سے ہر شخص پریشان، خواتین کے لیے کچن چلانا مشکل ہوگیا، امیر جماعت اسلامی کا خطاب

کوئٹہ؛ آل پارٹیز کے قائدین مولانا عبدالواسع، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، اصغر خان اچکزئی، عیسیٰ روشان، و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

آزاد کشمیر الیکشن میں رانا ثنا اللہ کے بیان، الیکشن کمیشن کے فیصلوں نے دھاندلی کی بنیاد رکھی، نیئر بخاری

مہارتوں کی ترقی وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکی ہے، گورنر

سات لاکھ اڑسٹھ ہزار بچوں کو دوبارہ اسکولوں میں واپس لانا محکمہ تعلیم کی قابل فخر کامیابی ہے

کامیابی کے لئے تعلیم، مطالعہ اور مسلسل سیکھنے کا عمل ناگزیر ہے، سردار ایاز صادق

بلوچستان کے طلبہ کو قومی اسمبلی میں انٹرن شپ کے مزید مواقع ترجیحی بنیادوں پر فراہم کئے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے پارلیمنٹ ہاس میں ڈیجیٹل بلوچستان اے آئی لانچ پیڈ بوٹ کیمپ میں شریک طلبہ نے جھرات کو یہاں ملاقات کی۔ اس موقع پر سپیکر نے طلبا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے طلبہ کو قومی اسمبلی میں (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

بدامنی اور بدعنوانی نے بلوچستان کے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

عوام کے جائز، آئینی اور جمہوری مطالبات کے حق میں پرامن پہیہ جام ہڑتال ناگزیر ہو چکی ہے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ آج 7 اگست جمعہ پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری، شاہراہوں (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

اویس لغاری سے ایرانی سفیر کی ملاقات، توانائی تعاون بڑھانے پر اتفاق

گوادر میں بجلی کی ترسیل کے نظام کو مزید مضبوط بنانے کے لیے سرمایہ کاری کی ضرورت ہے

پاکستان گوادر میں بجلی کی مقامی پیداوار بڑھانے کا بھی ارادہ رکھتا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور ایران نے توانائی اور تجارت کے فروغ پر اتفاق کیا ہے۔ جاری بیان کے مطابق جمعرات کو وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ؛ وزیر داخلہ میر ضیا لانگو پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

فیلڈ مارشل کا (این ای اوسی) ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

پاک فوج کے سربراہ اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے نیشنل ایمرجنسیز آپریشن سنٹر (این ای اوسی) ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا جہاں انھیں مون سون سیزن کے دوران ممکنہ آفات سے نمٹنے کے لیے کیے گئے انتظامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ چیئرمین نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کو نیشنل ایمرجنسیز آپریشن سنٹر کی آپریشنل صلاحیتوں، نگرانی کے نظام اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے طریقہ کار سے آگاہ کیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے قدرتی آفات سے نمٹنے کی قومی صلاحیت کو مضبوط بنانے کے لیے این ڈی ایم اے کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انفراسٹرکچر کے تحفظ، موثر ادارہ جاتی رابطہ کاری اور بروقت ردعمل کی اہمیت پر زور دیا۔ انھوں نے ہدایت کی کہ انسانی جانوں اور اہم قومی انفراسٹرکچر کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں نقصانات کو کم سے کم رکھا جا سکے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ پاکستان کی مسلح افواج قدرتی آفات کے دوران ریلیف، ریسکیو اور بحالی کی سرگرمیوں میں سول اداروں کی ہر ممکن معاونت کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔ انھوں نے ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے ہر وقت تیاری کی اہمیت، ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے اداروں کے درمیان موثر رابطہ کاری اور بروقت ردعمل کی اہمیت پر زور دیا۔ یہ خوش آئند بات ہے کہ مسلح افواج قومی سلامتی کے مختلف پہلوؤں سے متعلق اپنا مثبت کردار ادا کر رہی ہیں۔ بارشوں اور سیلاب کے نقصانات سے بچاؤ کے اقدامات کرنا حکومت کی بنیادی ذمہ داریوں میں سے ایک ہے۔ یہ ایک افسوس ناک بات ہے کہ حکومت اس ذمہ داری کو ایک ایسے موقع پر ادا کرتی ہے جب پانی سر تک پہنچ جاتا ہے۔ دنیا بھر میں قدرتی آفات سے ہونے والے نقصانات پر قابو پانے کے لیے پیشگی منصوبہ بندی کی جاتی ہے اور عوام کی جان اور مال کو اہمیت دی جاتی ہے لیکن ہمارے ہاں سیاسی قیادت صرف بیانات کے ذریعے مسائل کو حل کرنا چاہتی ہے جس کی وجہ سے مسائل میں بھی اضافہ ہوتا ہے اور وسائل بھی زیادہ استعمال ہوتے ہیں۔

"شہید تیمور شاہ کاکڑ" ایسا چراغ جو بجھ کر بھی روشن ہے۔

سانحہ 8 اگست 2016ء کے عظیم شہداء کو خراجِ عقیدت



تاریخ کے صفحات پر کچھ نام ایسے ثبت ہو جاتے ہیں جو وقت گزرنے کے ساتھ دھندلے نہیں ہوتے بلکہ مزید روشن ہو جاتے ہیں۔ ایسے لوگ اپنی زندگی کی

تحریر: قیوم بلوچ

طوالت سے نہیں بلکہ اپنے کردار، اپنے اخلاق، اپنی خدمت اور اپنی قربانی سے پہچانے جاتے ہیں۔ بلوچستان کے ان ہی روشن ناموں میں ایک نام شہید تیمور شاہ کاکڑ ایڈووکیٹ کا بھی ہے۔ جنہوں نے اپنی مختصر مگر باوقار زندگی میں محبت، خلوص، شرافت اور خدمتِ خلق کی ایسی مثال قائم کی جو آج بھی انہیں جاننے والوں کے دلوں میں زندہ ہے۔ 8 اگست 2016 کا دن بلوچستان کی تاریخ کا ایک ایسا سیاہ باب ہے جسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ اس دن دہشت گردی نے صرف قیمتی جانیں ہی نہیں لیں بلکہ انصاف، قانون، علم اور امید کے کئی روشن چراغ بجھا دیے۔ سول ہسپتال کوئٹہ میں ہونے والے خودکش حملے نے درجنوں خاندانوں سے ان کے پیارے چھین لیے اور وکلاء برادری کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچایا۔ انہی عظیم شہداء میں شہید تیمور شاہ کاکڑ بھی شامل تھے۔ شہید تیمور شاہ کاکڑ ایک وکیل ضرور تھے، مگر ان کی پہچان صرف وکالت تک محدود نہیں تھی۔ وہ نرم خو، خوش اخلاق، باوقار اور انسان دوست شخصیت کے مالک تھے۔ وہ ہر شخص سے احترام سے پیش آتے، دوسروں کی تکلیف کو اپنی تکلیف سمجھتے اور حتی المقدور مدد کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ ان کے دوستوں، ساتھیوں اور جاننے والوں کے دلوں میں ان کے لیے بے حد محبت اور احترام پایا جاتا تھا۔ ان کا تعلق معروف کاروباری خاندان سے تھا۔ وہ معروف ٹرانسپورٹ ادارے شاہ موورز کے بانی مرحوم ظاہر شاہ کاکڑ کے بھائی تھے۔ ایک باوقار خاندانی پس منظر رکھنے کے باوجود ان میں غرور نام کی کوئی چیز نہیں تھی۔ عاجزی، شائستگی اور خندہ پیشانی ان کی شخصیت کا حصہ تھی۔ وہ لوگوں سے رشتہ عہدوں یا حیثیت کی بنیاد پر نہیں بلکہ انسانیت کی بنیاد پر استوار کرتے تھے۔ بچپن ہی سے ان کی طبیعت میں سنجیدگی، شائستگی اور ذمہ داری نمایاں تھی۔ وہ اپنے بزرگوں کا احترام، دوستوں سے وفاداری اور چھوٹوں سے شفقت کو اپنی زندگی کا اصول سمجھتے تھے۔ انہیں دیکھنے والا ہر شخص ان کے مہذب رویے اور متوازن گفتگو سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتا تھا۔ وہ اختلاف کو دشمنی میں تبدیل کرنے کے بجائے دلیل، برداشت اور حسنِ اخلاق سے مسائل حل کرنے پر یقین رکھتے تھے۔ وکالت کا شعبہ انہوں نے صرف روزگار کے لیے نہیں بلکہ انصاف کے قیام کے جذبے کے ساتھ اختیار کیا۔ وہ اس سوچ کے حامل تھے کہ قانون کمزور اور مظلوم کے حقوق کا محافظ ہونا چاہیے۔ ان کا یقین تھا کہ ایک مضبوط معاشرہ وہی ہوتا ہے جہاں قانون سب کے لیے یکساں ہو اور انصاف بلا امتیاز فراہم کیا جائے۔ یہی سوچ انہیں اپنے ساتھی وکلاء میں ممتاز بناتی تھی۔ وہ عدالت کو صرف ایک پیشہ ورانہ میدان نہیں بلکہ انصاف کے مقدس ادارے کے طور پر دیکھتے تھے۔ ان کے نزدیک وکیل کا اصل فرض حق اور انصاف کی سربلندی تھا، نہ کہ ذاتی مفاد۔ اسی وجہ سے وہ اپنے مؤکلین کے ساتھ نہایت دیانت داری اور اخلاص سے پیش آتے تھے اور ہمیشہ قانون کی بالادستی پر یقین رکھتے تھے۔ شہید تیمور شاہ کاکڑ کی شخصیت میں خدمتِ خلق کا جذبہ نمایاں تھا۔ وہ سماجی تقریبات، عوامی مسائل اور رفاہی سرگرمیوں میں دلچسپی لیتے تھے۔ ان کے لیے دوسروں کی خوشی اپنی خوشی اور دوسروں کا دکھ اپنا دکھ تھا۔ ان کے اخلاق اور کردار نے انہیں لوگوں کے دلوں میں ایک خاص مقام عطا کیا۔ وہ نوجوانوں کی رہنمائی کو بھی اپنی سماجی ذمہ داری سمجھتے تھے۔ جب بھی کسی نوجوان کو تعلیم، کیریئر یا قانونی شعبے سے متعلق رہنمائی کی ضرورت پیش آتی، وہ خندہ پیشانی سے اس کی حوصلہ افزائی کرتے۔ ان کی خواہش تھی کہ بلوچستان کے نوجوان تعلیم، شعور اور قانون کی طاقت سے اپنا مستقبل سنواریں۔ 8 اگست 2016 سے قبل بلوچستان پہلے ہی دہشت گردی کی کئی دردناک وارداتوں کا سامنا کر چکا تھا، مگر اس دن پیش آنے والا سانحہ اپنی نوعیت کا منفرد اور انتہائی المناک تھا۔ دہشت گردوں نے جان بوجھ کر ایسے افراد کو نشانہ بنایا جو قانون، انصاف اور آئین کے محافظ تھے۔ اس حملے نے نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کو سوگوار کر دیا۔ پھر وہ المناک لمحہ آیا جب بلوچستان بار ایسوسی ایشن کے صدر بلال انور کاسی کی شہادت کے بعد سول ہسپتال کوئٹہ میں جمع ہونے والے وکلاء ، صحافیوں اور شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا گیا۔ چند سیکنڈوں میں ہر طرف قیامت کا منظر تھا۔ سیاہ کوٹ خون سے سرخ ہو گئے، آہ و بکا کی صدائیں بلند ہوئیں، اور کئی گھر ہمیشہ کے لیے ویران ہو گئے۔

یہ حملہ دراصل پاکستان کے عدالتی نظام پر حملہ تھا۔ اس دن بلوچستان نے صرف قابل وکلاء ہی نہیں بلکہ مستقبل کے جج، قانونی ماہرین، سماجی رہنماؤں اور قوم کے ذہین سپوتوں کو کھو دیا۔ اس سانحے کے اثرات آج بھی محسوس کیے جاتے ہیں اور اس کی یاد ہر سال قوم کے زخم تازہ کر دیتی ہے۔ اس اندوہناک سانحے میں شہید تیمور شاہ کاکڑ بھی اپنے رب کے حضور حاضر ہو گئے۔ ان کی شہادت صرف ان کے خاندان کا نقصان نہیں تھی بلکہ پوری وکلاء برادری، ان کے دوستوں، عزیزوں اور بلوچستان کے لیے ایک بڑا صدمہ تھی۔ ایسے کردار بار بار پیدا نہیں ہوتے۔ ان کی جدائی نے ان کے اہلِ خانہ، دوستوں اور چاہنے والوں کو ایسا غم دیا جس کی تلافی ممکن نہیں۔ لیکن شہداء کبھی مرتے نہیں، وہ اپنی نیکیوں، خدمات اور کردار کے ذریعے ہمیشہ زندہ رہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آج بھی ان کا ذکر احترام، محبت اور عقیدت سے کیا جاتا ہے۔ شہادت کا مفہوم صرف جان کا نذرانہ پیش کرنا نہیں بلکہ سچائی، اصول اور انسانیت کے لیے اپنی زندگی وقف کرنا بھی ہے۔ شہید تیمور شاہ کاکڑ کی پوری زندگی اسی فکر کی آئینہ دار تھی۔ ان کا نام آج بھی احترام سے لیا جاتا ہے کیونکہ وہ اپنے اخلاق، خلوص اور کردار کی وجہ سے لوگوں کے دلوں میں زندہ ہیں۔ قرآنِ کریم میں شہداء کو زندہ قرار دیا گیا ہے۔ یہی عقیدہ اہلِ ایمان کے دلوں کو یہ یقین عطا کرتا ہے کہ شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جاتیں۔ وہ اپنے رب کے حضور بلند مقام رکھتے ہیں جبکہ دنیا میں ان کی نیکیاں اور یادیں نسلوں کے لیے مشعلِ راہ بن جاتی ہیں۔ وقت گزر گیا، برسوں بیت گئے، مگر شہداء کا 8 اگست کی یاد آج بھی دلوں کو غمزدہ کر دیتی ہے۔ جب بھی اس سانحے کا ذکر ہوتا ہے تو شہید تیمور شاہ کاکڑ سمیت تمام شہداء کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔ ان کے اہلِ خانہ کے لیے یہ دکھ کبھی پرانا نہیں ہوگا، مگر انہیں اس بات پر فخر بھی ہے کہ ان کا پیارا وطن، قانون اور انسانیت کی خدمت کرتے ہوئے شہادت کے عظیم مرتبے پر فائز ہوا۔ ہر سال 8 اگست کو جب شہداء کی برسی منائی جاتی ہے تو بلوچستان کا ہر باشعور فرد ان عظیم قربانیوں کو یاد کرتا ہے۔ اس دن کی تقریبات صرف تعزیتی اجتماعات نہیں ہوتیں بلکہ یہ اس عزم کی تجدید بھی ہوتی ہے کہ دہشت گردی کے سامنے کبھی سر نہیں جھکایا جائے گا اور قانون و انصاف کا سفر جاری رہے گا۔ شہید تیمور شاہ کاکڑ کی زندگی نوجوان نسل کے لیے ایک سبق ہے کہ اصل کامیابی دولت یا شہرت نہیں بلکہ اچھا کردار، دیانت، انسان دوستی اور خدمت ہے۔ معاشرے زندہ رہتے ہیں جب ان میں ایسے لوگ موجود ہوں جو انصاف، محبت اور اخلاص کی شمع روشن رکھیں۔ اگر ہم شہداء کی قربانیوں کو صرف تقریروں اور بیانات تک محدود کر دیں تو یہ ان کے مشن کے ساتھ انصاف نہیں ہوگا۔ ان کے افکار کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانا ہی ان کے لیے حقیقی خراجِ عقیدت ہے۔ بلوچستان کو آج بھی ایسے نوجوانوں کی ضرورت ہے جو شہید تیمور شاہ کاکڑ جیسے کردار، دیانت، برداشت، قانون پسندی اور خدمت کے جذبے کو اپنا نصب العین بنائیں۔ قوموں کی ترقی کا راز صرف معاشی وسائل میں نہیں بلکہ ایسے کردار ساز انسانوں میں پوشیدہ ہوتا ہے جو اپنی ذات سے بڑھ کر معاشرے کے بارے میں سوچتے ہیں۔ سانحہ 8 اگست نے پوری قوم کو یہ سبق دیا کہ دہشت گردی صرف افراد کو نشانہ نہیں بناتی بلکہ قوموں کے مستقبل، تعلیمی اداروں، عدالتی نظام اور اجتماعی شعور پر حملہ کرتی ہے۔ لیکن تاریخ گواہ ہے کہ ظلم کی عمر ہمیشہ مختصر ہوتی ہے جبکہ حق، کردار اور قربانی ہمیشہ زندہ رہتے ہیں۔

آج جب ہم شہید تیمور شاہ کاکڑ کو یاد کرتے ہیں تو دراصل ہم ایک ایسے باوقار انسان کو سلام پیش کرتے ہیں جس نے اپنی زندگی میں محبت بانٹی، عزت کمائی اور اپنے کردار سے دل جیتے۔ ان کا نام ہمیشہ احترام سے لیا جائے گا، کیونکہ قومیں اپنے محسنوں کو کبھی نہیں بھولتیں۔

آئیں عہد کریں کہ ہم شہید تیمور شاہ کاکڑ اور سانحہ 8 اگست کے تمام شہداء کی قربانیوں کو اپنی زندگیوں میں قانون کی پاسداری، انصاف، قومی اتحاد، مذہبی رواداری اور انسانیت کی خدمت کے ذریعے زندہ رکھیں گے۔ یہی ان کے لیے بہترین خراجِ عقیدت ہوگا۔

آئیں یہ بھی عہد کریں کہ ہم اپنے معاشرے میں نفرت کے بجائے محبت، تعصب کے بجائے رواداری، ناانصافی کے بجائے انصاف اور انتقام کے بجائے قانون کی حکمرانی کو فروغ دیں گے۔ یہی وہ پیغام ہے جو شہداء اپنے خون سے ہمیں دے گئے ہیں، اور یہی ان کی قربانیوں کا اصل مقصد بھی تھا۔ اللہ تعالیٰ شہید تیمور شاہ کاکڑ ایڈووکیٹ سمیت سانح ؟ 8 اگست 2016 کے تمام شہداء کے درجات بلند فرمائے، ان کے اہلِ خانہ کو صبرِ جمیل عطا فرمائے اور پاکستان، بالخصوص بلوچستان، کو امن، انصاف اور خوشحالی کا گہوارہ بنائے۔ شہید تیمور شاہ کاکڑ جسمانی طور پر ہم سے جدا ضرور ہوئے، مگر ان کا کردار، ان کی شرافت، ان کی انسان دوستی اور ان کی یادیں ہمیشہ زندہ رہیں گی۔ یہی شہادت کی اصل عظمت ہے، اور یہی ایک سچے انسان کی لازوال پہچان ہے۔ سلام ہو شہید تیمور شاہ کاکڑ اور سانحہ 8 اگست 2016 کے تمام عظیم شہداء کو، جنہوں نے اپنے خون سے اس سرزمین پر وفا، قانون، انصاف اور قربانی کی ایسی داستان رقم کی جو رہتی دنیا تک آنے والی نسلوں کو حوصلہ، عزم اور کردار کا درس دیتی رہے گی۔

بقیہ 1

پالیسیوں اور غیر فطری انتظامی تقسیم کے نتیجے میں، بہت سے علاقے اپنی اصل قومی وحدتوں سے الگ کیے گئے تھے، اس لیے اب قومی وحدتوں کی تقسیم کسی طور قابلِ قبول نہیں۔ نیشنل پارٹی نئے صوبوں کے قیام کے نام پر قومی اکائیوں کی مزید تقسیم کو مسترد کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ملک کا حقیقی مسئلہ نئے صوبے بنانا نہیں بلکہ آئین پر مکمل عمل درآمد، پارلیمنٹ کی بالادستی، قومیتوں کے وجود و خودمختاری کا احترام، وسائل کی منصفانہ تقسیم، اظہارِ رائے کی آزادی، آزاد اور غیر جانبدار عدلیہ و الیکشن کمیشن، اور بااختیار مقامی حکومتوں کا قیام یقینی بنانا ہے۔ یہی وہ بنیادی تقاضے ہیں جن پر عمل درآمد سے عوامی ترقی ممکن اور جمہوریت مستحکم ہو سکتی ہے۔ مرکزی ترجمان نے کہا کہ پاکستان کا سیاسی نظام جمہوری اور پارلیمانی اصولوں پر استوار ہے، اور اسی نظام کو حقیقی معنوں میں آئین کے مطابق چلانے سے ملک میں سیاسی استحکام، قومی ہم آہنگی اور پائیدار ترقی کی راہ ہموار ہو سکتی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ نیشنل پارٹی ایسے ہر اقدام کو مسترد کرتی ہے جو قومی اکائیوں کے تاریخی وجود، قومی شناخت و حیثیت کو متاثر کرنے کا باعث بنے۔ نیشنل پارٹی سمجھتی ہے کہ مضبوط وفاق کی بنیاد قومی اکائیوں کے حقوق، شناخت اور خودمختاری کے احترام میں مضمر ہے۔

بقیہ 2

جیکب آباد شہر اور احمد ساہی کی سربراہی میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ بلوچستان کے وفد میں ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان، ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین، سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن سرکل مدثر ظفر کھوسہ، اسسٹنٹ کمشنر صحبت پور سیف الدین کھوسہ، سب ڈویژنل افسران امان اللہ گاجانی، عابد علی بے توقیری جاری ہے ۔ آئین و جمہوریت کو پامال کیا گیا اور سب سے بڑھ کر سیاسی عدم استحکام کی وجہ سے ملک کے ہمہ جہت بحران روز بروز گہرے ہوتے جا رہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک کو اپنے تاریخ کی بدترین مہنگائی بے روزگاری کا سامنا ہے اور بالخصوص بلوچستان اور خیبر پشتونخوا میں رزق روزگار اور قانونی جائز تجارتی پابندیاں در اصل ہمارے عوام کے تجارت اور روزگار کو ختم کرنے کے مترادف ہیں اور پشتونوں کی معاشی قتل عام کر کے ان کو دیوار سے لگایا جا رہا ہے ۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ایک کسی صورت قابلِ قبول نہیں، انہوں نے کہا کہ تنخواہ دار طبقے کے بغیر بلوچستان اپنی حدود میں متنازعہ سم نالے کی تعمیر کی اجازت نہیں دے گا، جبکہ تعمیراتی کام بلوچستان کی سرحد کے قریب پہنچنے کے باوجود سندھ حکام نے تاحال بلوچستان سے این او سی حاصل نہیں کیا جو بے اعتمادی کا ثبوت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مین حیدرآباد ڈرینج بلوچستان کے اپنے پانی کے اخراج کی بھی مکمل گنجائش نہیں رکھتا، ایسے میں سندھ کا اضافی پانی بلوچستان کے اضلاع کے لیے سنگین خطرہ بن سکتا ہے، جبکہ سندھ حکام پہلے ہی آر بی او ڈی کے مقام پر ڈرینج سسٹم کے دروازے بند کیے ہوئے ہیں۔ اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر جیکب آباد شہزاد احمد ساہی نے یقین دہانی کرائی کہ سندھ حکام کو بلوچستان کے تمام تحفظات سے آگاہ کیا جائے گا

بقیہ 3

نگرانی کے لیے ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل مانیٹرنگ، سائنسی ٹیسٹنگ اور ٹریس ایبلٹی پر مبنی جدید نظام متعارف کرایا جائے یہ مطالبہ کنزیومرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے زیر اہتمام اور سندھ فوڈ اتھارٹی کے اشتراک سے پرل کانٹی نینٹل ہوٹل کراچی میں منعقد ہونے والی 17 ویں کنزیومرز فوڈ سیفٹی اینڈ کوالٹی کانفرنس اینڈ ایوارڈ 2026 میں کیا گیا کانفرنس کا موضوع" اسمارٹ فوڈ سیفٹی: ٹیکنالوجی، ڈیٹا اور مضبوط قوانین" تھا، جس میں اعلیٰ سرکاری حکام، ریگولیٹری اداروں کے افسران، سفارت کاروں، فوڈ انڈسٹری کے نمائندگان، ہائیجینسٹس ماہرین، معروف شیفس اور صارفین کے حقوق کے نمائندوں نے شرکت کی سندھ کے وزیر صنعت وتجارت جام اکرام اللہ دھاریجو، چیئرمین سابقہ کمیشن آف پاکستان فرید احمد تارڑ اور سندھ کے وزیر خوراک مخدوم محبوب زمان کی نمائندگی کرتے ہوئے سیکریٹری فوڈ سندھ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی سپیڈر امیر ولی الدین چشتی، سپیڈر عبدالقیوم سومرو اور ڈائریکٹر جنرل سندھ فوڈ اتھارٹی شہزاد فضل عباسی نے بطور مہمانان اعزاز شرکت کی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کنزیومرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے چیئرمن کوکب اقبال نے کہا کہ بجٹ سنبھالنے کے لیے اپنی بنیادی ضروریات قربان کر رہی ہیں۔ معاشرتی بے چینی، خاندانی تنازعات اور طلاق کی شرح میں اضافہ اسی ظالمانہ معاشی نظام کا نتیجہ ہے

بقیہ 4

ز، اضلاع و علاقوں سمیت کوئٹہ، پشین، چمن، قلعہ عبداللہ خان، قلعہ سیف اللہ، ژوب، شیرانی، موسیٰ خیل، لورالائی، سنجاوی زیارت، سبی، ہرنائی میں زبردست اور ولولہ انگیز احتجاجی مظاہروں و اجتماعات منعقد کیے ۔ احتجاجی ریلیوں میں شرکاء نے عمران خان کی سیاسی سزا ختم کرو، ملکی آئین کو بحال کرو، جمہوریت کو بحال کرو، عدلیہ اور میڈیا کی آزادی بحال کرو، ملک میں سویلین اتھارٹی بحال کرو، آمریت مردہ باد، جمہوریت زندہ آباد، عمران خان، علی وزیر، ماہرنگ بلوچ اور سیاسی اسیروں کو رہا کرو، تحریک تحفظ آئین پاکستان زندہ آباد کے فلک شگاف نعرے لگائیں ۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک اس وقت جن ہمہ جہت بحرانوں کا سامنا ہے اس میں سرفہرست معاشی بحران ہے ساتھ ہی 26 ویں، 27 ویں آئینی ترمیمات کے ذریعے میڈیا اور عدلیہ کے آزادی کو پامال کیا گیا۔ اس وقت پارلیمنٹ کی

بقیہ 5

سے خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکاء نے مہنگائی، بے روزگاری اور حکومتی نااہلی کے خلاف شدید احتجاج کیا اور عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر حمیرا طارق نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں واضح فرمایا ہے کہ "اللہ کسی قوم کی حالت اس وقت تک نہیں بدلتا جب تک وہ خود اپنی حالت بدلنے کی کوشش نہ کرے۔" انہوں نے کہا کہ قیام پاکستان کے وقت لاکھوں مسلمانوں، خصوصاً خواتین نے بے مثال قربانیاں اس امید پر دیں کہ اس سرزمین پر عدل، مساوات اور اسلامی فلاحی نظام قائم ہوگا، مگر افسوس کہ آج بھی عوام ظلم، مہنگائی اور ناانصافی کی چکی میں پس رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ "پاکستان کا مطلب کیا، لا الہ الا اللہ" صرف ایک نعرہ نہیں بلکہ ایک عادلانہ معاشی و سماجی نظام کا تقاضا ہے، جہاں ہر شہری کو اس کا حق ملے اور ظلم کا خاتمہ ہو۔ ڈاکٹر حمیرا طارق نے کہا کہ آئے روز نئے ٹیکس، بجلی، گیس اور پٹرول کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ، غریب اور متوسط طبقے کی زندگی اجیرن بنا چکا ہے۔ آج ایک مزدور کی آمدن سے کئی گنا زیادہ بجلی کا بل آ رہا ہے، مائیں اپنے بچوں کی تعلیم اور علاج سے محروم ہونے پر مجبور ہیں اور گھریلو بجٹ سنبھالنے کے لیے اپنی بنیادی ضروریات قربان کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی نے گھریلو سکون چھین لیا ہے، معاشرتی بے چینی، خاندانی تنازعات اور طلاق کی

بقیہ 6

میں نکالی جانے والی ریلی اسسٹنٹ کمشنر بسیمہ عبدالستار مینگل، ڈی ایس پی عبدالمالک اور ایس ایچ او عبدالحکیم کبدانی کی سربراہی میں نکالی گئی۔ ریلی میں سرکاری افسران، پولیس اہلکاروں، مختلف محکموں کے نمائندوں اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکاء نے ہاتھوں میں پاکستان اور کشمیر کے پرچم اٹھا رکھے تھے اور پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد" کشمیر بنے گا پاکستان"، "کشمیر کے عوام سے اظہار یکجہتی" اور "بھارتی مظالم نامنظور" کے فلک شگاف نعرے لگائے، جس سے بسیمہ کی فضاء گونج اٹھی۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ یوم استحصالِ کشمیر کا مقصد دنیا کی توجہ مقبوضہ کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی جانب مبذول کرانا اور کشمیری عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرنا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کا ہر شہری کشمیری عوام کی جائز جدوجہد آزادی کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا

بقیہ 7

ہزار تک پہنچ گئی کسان کا شکار مایوسی کا شکار ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ڈپٹی کمشنر کچھی و متعلقہ حکام سے ہنگامی بنیادوں پر ستے زرعی بیج کی فراہمی کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساون کا موسم شروع ہو چکا ہے بارانی علاقے کی اہم فصلیں جواری گوار مونگ مونٹھ و دیگر بیج مارکیٹ سے غائب کسان کا شکار شدید پریشانی سے دوچار ساون کا موسم کے آغاز کے باوجود تحصیل بھاگ نگاڑی و قریبی علاقوں میں ساون کے بیج کی قلت برقرار جس سے کسان کا شکار ذہنی کوفت میں مبتلا بڑے زمیندار بھاری رقوم کے عوض دیگر علاقوں سے بیج منگوانے پر مجبور جبکہ غریب کسان کا شکار مالی استطاعت نہ رکھنے کے باعث ذہنی کوفت میں مبتلا میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کا شکار محمد شاپس، آئس فیکٹریوں اور اچار شاپس سمیت متعدد خوراک کے مراکز کا معائنہ کیا گیا۔ کارروائی کے دوران ایک اسٹیک مینوفیکچرنگ یونٹ کو نان فوڈ گریڈ رنگ کے استعمال، بغیر رجسٹریشن مصنوعات کی تیاری و پیکنگ، گمراہ کن لیبلنگ، ناقص صفائی اور عملے کی غیر حفظان صحت حالت پر سیل کر دیا گیا۔ اسی طرح ایک واٹر پیور پلانٹ کو بلوچستان فوڈ اتھارٹی ایکٹ 2014 کی متعدد خلاف ورزیوں، صفائی کے ناقص انتظامات اور قانونی تقاضے پورے نہ کرنے پر سیل کیا گیا۔ مزید برآں ایک قلفی تیار کرنے والے یونٹ میں غیر رجسٹرڈ مصنوعات کی پیکنگ، صفائی کے ناقص انتظامات اور فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزیوں پر یونٹ کا فوڈ بزنس لائسنس اور پیکنگ مشین ضبط کر لی گئی۔ معائنے کے دوران دیگر مراکز پر ناقص صفائی، ورکرز کی ذاتی صفائی نہ ہونا، آلودہ وزنگ آلود مشینری کا استعمال، گندے پانی کے ٹینک، نکاسی آب کے ناقص انتظامات، واٹر ٹیسٹنگ رپورٹ کی عدم دستیابی، ایکسپائرڈ مصالحہ جات، چاکلیٹس، سائز، خوردنی آئل اور دیگر اشیاء ۔ خوردنوش کی فروخت، بغیر فوڈ بزنس لائسنس کاروبار اور نامناسب ذخیرہ کاری پر جرمانے عائد کیے گئے۔ دودھ کی کوالٹی چیکنگ کے دوران سنبل روڈ موجود ملک شاپس سے دودھ کے نمونے حاصل کر کے موقع پر تجزیہ کیا گیا

بقیہ 8

گئے۔ علاوہ ازیں ایک فوڈ پروڈکشن یونٹ کا فوڈ بزنس لائسنس اور پیکنگ مشین بھی ضبط کر لی گئی۔ کوئٹہ میں اسپنی روڈ، ایئرپورٹ روڈ، نواں کلی، غوث آباد، سریاب روڈ، ملینیم مال، چوہدری اسٹریٹ، مشین روڈ اور مغربی بائی پاس پر قائم بیکریز، کریانہ و جنرل اسٹورز، ریسٹورنٹس، سویٹس و قلفی مینوفیکچرنگ یونٹس، واٹر پیور پلیکیشن پلانٹس، بیف شاپس، آئس فیکٹریوں اور اچار شاپس سمیت متعدد خوراک کے مراکز کا معائنہ کیا گیا۔ کارروائی کے دوران ایک اسٹیک مینوفیکچرنگ یونٹ کو نان فوڈ گریڈ رنگ کے استعمال، بغیر رجسٹریشن مصنوعات کی تیاری و پیکنگ، گمراہ کن لیبلنگ، ناقص صفائی اور عملے کی غیر حفظان صحت حالت پر سیل کر دیا گیا۔ اسی طرح ایک واٹر پیور پلیکیشن پلانٹ کو بلوچستان فوڈ اتھارٹی ایکٹ 2014 کی متعدد خلاف ورزیوں، صفائی کے ناقص انتظامات اور قانونی تقاضے پورے نہ کرنے پر سیل کیا گیا۔ مزید برآں ایک قلفی تیار کرنے والے یونٹ میں غیر رجسٹرڈ مصنوعات کی پیکنگ، صفائی کے ناقص انتظامات اور فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزیوں پر یونٹ کا فوڈ بزنس لائسنس اور پیکنگ مشین ضبط کر لی گئی۔ معائنے کے دوران دیگر مراکز پر ناقص صفائی، ورکرز کی ذاتی صفائی نہ ہونا، آلودہ وزنگ آلود مشینری کا استعمال، گندے پانی کے ٹینک، نکاسی آب کے ناقص انتظامات، واٹر ٹیسٹنگ رپورٹ کی عدم دستیابی، ایکسپائرڈ مصالحہ جات، چاکلیٹس، سائز، خوردنی آئل اور دیگر اشیاء ۔ خوردنوش کی فروخت، بغیر فوڈ بزنس لائسنس کاروبار اور نامناسب ذخیرہ کاری پر جرمانے عائد کیے گئے۔ دودھ کی کوالٹی چیکنگ کے دوران سنبل روڈ موجود ملک شاپس سے دودھ کے نمونے حاصل کر کے موقع پر تجزیہ کیا گیا

بقیہ 9

قیدیوں کو فوری طور سے باعزت طور سے رہا کریں اور تمام کے خود ساختہ بنائے گئے بوگس کیسوں کو فوری طور سے ختم کیا جائے اس کے علاوہ امن وامان کا مسئلہ پیدا کرنے والے گروہوں سے فوری طور سے سیاسی انداز میں اسکے حل کے لیے بات چیت کا آغاز کریں اس طرح کے حالات میں عوام ریاست کے ذمہ داروں کے ساتھ ہر صورت کام کرنے کو ترجیح دے سکتی ہے بشرطیکہ سب عمل ایمانداری سے سرانجام دیا جائے اب مزید تباہی بربادی وطن عزیز مزید برداشت نہیں کر سکتا ہے اور ساتھ ہی الیکشن کا اعلان کیا جائے اس وقت تک ایک غیر جانبدار سسٹم کے ذریعے ذمہ داری پوری کی جائے تحریک انصاف اور عمران خان پاکستان کے لیے سب کچھ معاف کر سکتا ہے۔

بقیہ 10

خدمات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر اور ماڑہ ڈاکٹر ماہ نور بركت نے آل لائن ڈیپارٹمنٹس کے اہم اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں تحصیل

بقیہ 1

ہیں کسی کو معلوم ہی نہیں، مذاکرات کے حوالے سے زبانی کلامی یا غیر ضروری بیانات سے وقت ضائع ہوتا ہے۔

بقیہ 11

جنگ بندی کی کوششوں کو نقصان پہنچا رہی ہیں۔ اس میں کہا گیا کہ غزہ کے ساتھ متصل مغربی کنارے میں آباد کاروں کے حملے اور نئی بستیاں ناقابل قبول ہیں جبکہ مقبوضہ بیت المقدس کی حیثیت تبدیل کرنے کی کوششیں بھی ناقابل قبول ہیں۔ مشترکہ اعلامیہ میں کہا گیا کہ سلامتی کونسل اسرائیل کو بین الاقوامی قانون پر عمل درآمد اور خلاف ورزیوں کے ذمہ داروں کا احتساب یقینی بنائے۔ اعلامیہ کے مطابق مقبوضہ فلسطینی علاقوں پر اسرائیلی خودمختاری مسلط کرنے اور فلسطینیوں کی جبری بے دخلی کی ہر کوشش مسترد کرتے ہیں۔ مشترکہ اعلامیہ میں کہا گیا کہ 1967 کی سرحدوں پر مشرقی بیت المقدس کو دارالحکومت بنا کر آزاد فلسطینی ریاست ہی مسئلے کا واحد منصفانہ حل ہے۔

بقیہ 12

، انصاف و انسانی حقوق میں ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور امریکہ کے دوطرفہ تعلقات، باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران امریکی ناظم الامور نے خطے تنازع میں پاکستان کے مثبت اور تعمیری کردار کو سراہا۔ انہوں نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششوں کی تعریف کرتے ہوئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کے کردار کو بھی قابلِ تحسین قرار دیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر برائے قانون، انصاف وانسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن، استحکام اور تعمیری سفارت کاری کے فروغ کے لیے اپنا مثبت کردار آئندہ بھی جاری رکھے گا۔ دونوں فریقین نے شعبہ قانون سمیت پاکستان اور امریکہ کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے اور باہمی دلچسپی کے دیگر شعبوں میں روابط کو مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 13

حسین مملکت نے کہا کہ صدر مملکت نے کہا کہ ریاست دشمن عناصر اور ان کے غیر ملکی سرپرست اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے پرامن ماحول کو سبوتاژ کرنے کی ہر سازش کو ناکام بنانے کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے شب و روز مصروف عمل ہیں۔ انہوں نے ان کارروائیوں میں پیشہ ورانہ مہارت، بروقت انٹیلی جنس اور مؤثر حکمت عملی کا مظاہرہ کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کا ناسور کسی ایک ادارے کا نہیں بلکہ پوری ریاست اور قوم کا مشترکہ چیلنج ہے، جس سے نمٹنے کے لیے قومی اتحاد، عوامی تعاون اور اداروں کے مابین مکمل ہم آہنگی ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ دشمن کی ہر نقل وحرکت کا سراغ لگایا۔ سیکورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی میں متعدد خوارج عناصر ہلاک ہو گئے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ 6 دہشت گرد مارے گئے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ 6 اگست کو مستونگ میں ایک اور کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز نے 6 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہلاک دہشت گرد کالعدم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) سے تعلق رکھتے تھے۔ ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 3 اگست کو بلوچستان کے ضلع واشک میں سیکیورٹی فورسز نے 6 دہشت گردوں کی نقل وحرکت کا سراغ لگایا۔ سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی میں فتنہ الہندوستان کے 6 دہشت گرد مارے گئے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ 6 اگست کو مستونگ میں ایک اور کارروائی کے دوران کالعدم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کے 6 دہشت گرد مارے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 5 اگست کو بلوچستان کے ضلع خضدار میں سیکیورٹی فورسز کے قافلے پر بزدلانہ حملہ کیا گیا



آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر پولیس آفس کوئٹہ میں یوم شہداء پولیس کے موقع پر یادگار شہداء پر پھول چڑھانے کے بعد دعا کر رہے ہیں

حافظ محمد طارق کی صدارت میں لینڈ ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن سے متعلق اجلاس

ڈیجیٹلائزیشن سسٹم میں لائیو ہونے والے مختلف موضوعات، بالخصوص میوٹیشن کے عمل پر تفصیلی غور

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کوئٹہ حافظ محمد طارق کی صدارت میں لینڈ ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن (بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر)

عمران خان سمیت تمام سیاسی قیدیوں کو فوری رہا کیا جائے، رحیم کاکڑ

امن وامان کے مسئلے کے حل کے لیے سیاسی بات چیت کا آغاز اور نئے انتخابات کا اعلان کیا جائے

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے ریاست پاکستان کے ذمہ داروں سے کہا ہے کہ اب وقت آچکا ہے کہ عمران خان سمیت تمام سیاسی (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر)

اسلام آباد/وزیراعظم محمد شہباز شریف چین کے سفیر عوامی جمہوریہ چین کے صدر کا خط دے رہے ہیں

☆☆☆☆☆☆ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان سے وائس آف بلوچستان کا وفد ملاقات کر رہا ہے☆☆☆☆☆

مضبوط وفاق کی بنیاد قومی اکائیوں کے حقوق اور خود مختاری کے احترام میں مضمر ہے

نیشنل پارٹی

ماضی میں سامراجی پالیسیوں اور غیر فطری انتظامی تقسیم کے نتیجے میں بہت سے علاقے اپنی اصل قومی وحدتوں سے الگ کیے گئے تھے

قومی وحدتوں کی تقسیم کسی طور قابلِ قبول نہیں۔ نیشنل پارٹی نئے صوبوں کے قیام کے نام پر قومی اکائیوں کی مزید تقسیم کو مسترد کرتی ہے

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے نئے صوبوں کے قیام سے متعلق جاری بحث کے ردعمل میں کہا ہے کہ ملک کے موجودہ صوبے محض انتظامی ڈھانچے نہیں بلکہ تاریخی، قومی، ثقافتی اور جغرافیائی شناخت رکھنے والی قومی اکائیاں ہیں۔ ماضی میں سامراجی (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

اوستہ محمد پولیس کی کارروائی، روپوش ملزم گرفتار

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایک روپوش ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمن کی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل محمد داد کھوسہ کی نگرانی میں ایس ایچ او سٹی ندیم احمد بہرانی اور انچارج انٹی نارکوٹکس محمد اسلم رند نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے روپوش ملزم گل بہار ولد عبدالرشید، قوم جویا، سکنہ اوستہ محمد کو گرفتار کرلیا۔

چیف سیکرٹری بلوچستان کی زیر صدارت صوبائی سلیکشن بورڈ کا اجلاس

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت جمعرات کے روز صوبائی سلیکشن بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کے (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

حیر دین ڈرینج میں سندھ کا مزید اضافی پانی شامل کرنا کسی صورت قابلِ قبول نہیں، خالد خان

2010 اور 2022 کے تباہ کن سیلاب سے بلوچستان کے اضلاع کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچا

جیکب آباد (خ ن) سندھ اور بلوچستان کے درمیان جیکب آباد کے متنازعہ سم نالے کی گہرائی سلجھانے کے لیے کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کے احکامات کی روشنی میں بلوچستان کے اعلیٰ سطحی وفد نے ڈپٹی کمشنر آفس جیکب آباد کا دورہ کیا، جہاں ڈپٹی کمشنر (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر)

کراچی: کنزیومرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے زیر اہتمام اور سندھ فوڈ اتھارٹی کے اشتراک سے منعقد ہونے والی 17 ویں کنزیومر فوڈ سیفٹی اینڈ کوالٹی کانفرنس اینڈ ایوارڈز 2026 کے موقع پر چیئرمین کیپ کوکب اقبال اور دیگر کا لیا گیا گروپ فوٹو

سندھ میں فوڈ سیفٹی قوانین پر سختی سے عملدرآمد اور جدید فوڈ ٹیسٹنگ لیبارٹری کے قیام کا مطالبہ

خوراک کا تحفظ بنیادی صارف حق ہے، روایتی معائنہ کافی نہیں، کوکب اقبال

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کنزیومرز ایسوسی ایشن آف پاکستان (CAP) نے سندھ حکومت اور متعلقہ ریگولیٹری اداروں پر زور دیا ہے کہ صوبے میں فوڈ سیفٹی قوانین پر مؤثر اور سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے، جدید فوڈ ٹیسٹنگ لیبارٹری قائم کی جائے اور خوراک کے معیار کی (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

تمبو، موٹر سائیکل چھیننے والے دو ملزمان گرفتار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو کے علاقے میں موٹر سائیکل چھیننے والے دو ڈکیت رنگے ہاتھوں پکڑے گئے مسروقہ موٹر سائیکل اسلحہ برآمد مقدمہ درج کرلیا گیا پولیس کے مطابق تمبو خانکوٹ پولیس تھانے کی حدود کھڑی رحمان سے موٹر سائیکل چھین کر کوٹ پلیانی کے مقام پر اہل علاقے نے ڈاکوؤں کو چاروں اطراف سے فائرنگ کے تبادلے کے بعد دھیر لیا اور موقع پر خوب دھلائی کرنے کے بعد پولیس کے حوالے کردیا گیا

بلوچستان پولیس کو مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جدید ہتھیاروں اور آلات سے لیس کیا جائیگا

بلوچستان پولیس کو مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جدید ہتھیاروں اور آلات سے لیس کیا جائیگا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان پولیس کے افسران اور جوانوں نے صوبے میں امن وامان کے قیام کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں اور ان خدمات ہمیشہ سنہری حروف میں یاد رکھی جائیں گی۔ یوم شہداء پولیس کی تقریب (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

اسکل ایجوکیشن ہیلتھ کیئر سینٹر میں طالبات کی طبی وتکنیکی تربیت کا پہلے مرحلہ اختتام پذیر

جماعت ہفتم سے جماعت نہم تک کی طالبات کو آٹھ ماہ پر مشتمل جامع تربیتی کورس کرایا جارہا ہے، ڈاکٹر حفیظ بلوچ

گوادر (خ ن) صوبائی حکومت کے وژن کے مطابق طلبہ وطالبات کو معیاری تعلیم کے ساتھ عملی اور فنی مہارتوں سے آراستہ کرنے کے لیے محکمہ تعلیم گوادر، ایجوکیشن سپورٹ پروگرام (ESP)، یونیسف (UNICEF) اور یورپی یونین کے اشتراک سے گورنمنٹ (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر)

عوامی مسائل کے بروقت حل اور محکمہ جاتی ہم آہنگی کو مزید مؤثر بنایا جائے، ڈاکٹر ماہ نور برکت

شہریوں کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی

گوادر/اورماڑہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق عوام دوست وژن اور ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایات کے مطابق عوام کو بہتر، مؤثر اور مربوط سرکاری (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر)

قلات، مخصوص تاریخوں میں رات کے اوقات میں کرفیو نافذ

عوام الناس مقررہ اوقات میں اپنے گھروں سے باہر نہ نکلیں، منیر احمد درانی

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی نے امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر شہریوں کے لیے ہم سیکیورٹی ایڈوائزری جاری کردی ہے ڈپٹی کمشنر آفس قلات سے (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر)

حوثیوں کے فوجی کیمپوں پر حملے میں 30 اہلکار ہلاک اور 50 زخمی ہوگئے، یمن کی تصدیق

صنعاء (این این آئی) یمنی فوج نے تصدیق کی ہے کہ حوثی جنگجوؤں کے متعدد آرمی کیمپوں پر حملے میں کم از کم 30 اہلکار ہلاک اور 50 سے زائد زخمی ہوگئے

کراچی: وومن انٹرپنیور فورم کراچی ڈویژن کے "فاؤنڈنگ ممبرز میٹ اپ" اور پاکستان کے 79 ویں جشن آزادی کو منانے کے لئے منعقدہ تقریب کے موقع پر فاؤنڈر پریذیڈینٹ روبینہ لئیق، فاؤنڈر سینئر وائس پریذیڈنٹ صفیہ بانو، وائس پریزیڈنٹ شگفتہ بخت اور دیگر کا لیا گیا گروپ فوٹو

خواتین کو بااختیار بنائے بغیر پائیدار ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا، روبینہ لئیق

ہم خواتین کو اس پلیٹ فارم کے ذریعے بااختیار بنانے کیلئے کوشاں ہیں صفیہ بانو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وومن انٹرپنیور فورم کی جانب سے کراچی میں خواتین کی قیادت، کاروباری ترقی اور پیشہ ورانہ تعاون کو فروغ دینے کے مقصد سے "فاؤنڈنگ ممبرز میٹ اپ" اور پاکستان کے 79 ویں جشن آزادی کو منانے کے لئے تقریب کا انعقاد کیا گیا، تقریب (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

عزم استحکام کے تحت بیرونی پرستی میں ہونیوالی دہشتگردی کا مکمل خاتمہ کیا جائیگا، شاہد رند

امن وامان کے قیام، عوام کے جان ومال کے تحفظ اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے بھرپور عزم کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے

حکومت بلوچستان دہشت گردی کے خلاف قومی جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل یکجہتی کے ساتھ کھڑی ہے

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے واشک اور مستونگ میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں اور قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں شاہد رند نے کہا کہ 5 اور 6 اگست 2026 کو بلوچستان کے اضلاع واشک اور مستونگ میں "ردالفتنہ -3" کے تحت دو مؤثر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے گئے، جن میں بھارت کے حمایت یافتہ دہشت گرد گروہ "فتنہ الہندوستان" کے 12 دہشت گرد ہلاک کیے (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر)

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو اور آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر یوم شہداء پولیس کی منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ملک کے بحرانوں کے خاتمہ کیلئے سیاسی ڈائیلاگ ضروری ہے

پشتونخوا میپ

منصوبے اور پلان کے مطابق دہشت اور وحشت منصوبہ بندی کیساتھ پراکسیز کے ذریعے پھیلائی جارہی ہے جس کا خاتمہ اور امن وامان ضروری ہے

بلوچستان اور خیبر پشتونخوا میں رزق روزگار اور قانونی جائز تجارتی پابندیاں دراصل ہمارے عوام کے تجارت اور روزگار کو ختم کرنے کے مترادف ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ، پشتونخوا میپ کے چیئرمین اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کی کال پر ملک کے مختلف ہیڈ کوارٹر (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر)

بی ایف اے کی مضرِ صحت، غیر معیاری اور ملاوٹی خوراک کے خلاف جاری کارروائیاں

کوئٹہ، ہرنائی، ڈیرہ اللہ یار اور حب میں مختلف فوڈ بزنس مراکز کا تفصیلی معائنہ کیا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے صوبہ بھر میں مضرِ صحت، غیر معیاری اور ملاوٹی خوراک کے خلاف جاری کارروائیوں کے تحت کوئٹہ، ہرنائی، ڈیرہ اللہ یار اور حب میں مختلف فوڈ بزنس مراکز کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انسپکشنز کے دوران مجموعی طور پر 21 خوراک کے مراکز کو جرمانہ، 29 فوڈ بزنس آپریٹرز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے جبکہ 2 فوڈ پروڈکشن یونٹس سیل کردیے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر)

فرائض کی قربانی دینے والا گارڈ امجد بلوچ بے یار و مددگار

پرائیویٹ سکیورٹی کمپنی نے آنکھیں پھیر لی، شدید مالی اور طبی مشکلات کا شکار

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) بلوچستان کے ضلع تربت میں فرائض کی انجام دہی کے دوران دہشت گردوں کے حملے میں شدید زخمی ہونے والے پرائیویٹ سکیورٹی کمپنی کے گارڈ، (امجد بلوچ) اس وقت شدید مالی اور طبی مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ ان کی کمپنی نے مشکل کی اس (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر)

ڈاکٹر یاسر طاہر کا بنیادی مرکز صحت فقیر آباد اور سیول ڈسپنسری ہر بیلار کا دورہ

عوام کو معیاری اور بروقت طبی خدمات کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈاکٹر یاسر طاہر

گوادر: (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت صوبے کے دور دراز علاقوں میں عوام کو معیاری، بروقت اور مؤثر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے حکومت بلوچستان عملی اقدامات کر رہی ہے۔ اسی سلسلے میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر ڈاکٹر یاسر طاہر نے ڈپٹی (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر)

اسلام آباد/پاکستان میں امریکہ کی ناظم الامور عظلی بیکر پاک امریکہ زرعی ٹیکنالوجی تعاون سے متعلق ڈائریکٹ لائن ویبینار میں امریکی اور پاکستانی حکام، سرمایہ کار، کاروباری نمائندے اور زرعی شعبے سے وابستہ شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

بولان، بلوں کی عدم ادائیگی پر سینار ہسپتال میں ہیلتھ کارڈ کے تحت کینسر کا علاج معطل

ہزاروں مریض شدید مشکلات کا شکار، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اور وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سے فوری فنڈ جاری کرنے کا مطالبہ

بولان (یو این اے) سینار ہسپتال کوئٹہ نے صوبائی حکومت کی جانب سے بلوں کی عدم ادائیگی کے باعث ہیلتھ کارڈ پر کینسر کے مریضوں کا علاج معالجہ مکمل طور پر بند کردیا ہے، جس کی وجہ سے صوبے کے دور دراز علاقوں سے آنے والے ہزاروں مریض اور ان کے لواحقین انتہائی (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر)

پنجگور، بجلی کی طویل لوڈ شیڈنگ اور کم وولٹیج سے شہری پریشان

دن رات میں صرف 5 سے 6 گھنٹے بجلی کی فراہمی،، پانی کی شدید قلت پیدا ہوگئی

پنجگور (یو این اے) پنجگور میں بجلی کی طویل لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ جاری، پنجگور کے مختلف فیڈرز میں بجلی کی طویل لوڈ شیڈنگ سے شہریوں کو شدید مشکلات سے دوچار کردیا ہے بجلی نہ ہونے سے لوگ پانی کی حصول میں مشکلات شہری پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں دن رات صرف پانچ سے چھ گھنٹے بجلی مہیا کی جاتی ہے مگر بعض فیڈروں میں وولٹیج اتنی کم ہوتا ہے کہ نہ پانی کی (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی نے دو غیر قانونی بورنگ سیل کردیئے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی کی زیر نگرانی مندوخیل اسٹریٹ نمبر 2 میں غیر قانونی بورنگ کی اطلاع پر فوری کارروائی عمل میں لائی گئی۔ کارروائی کے دوران غیر قانونی بور کو موقع پر ہی سیل کردیا گیا جبکہ اس میں ملوث افراد کو گرفتار کر کے قانونی کارروائی شروع کردی گئی۔ ضلعی انتظامیہ کوئٹہ نے واضح کیا ہے کہ شہر میں غیر قانونی بورنگ، سرکاری قوانین کی خلاف ورزی اور زیر زمین پانی کے غیر ذمہ دارانہ استعمال کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، تاکہ آبی وسائل کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔

خضدار، تحصیل وڈھ میں قومی شاہراہ پر منی ویگن پر فائرنگ، ٹائر برسٹ ہوگئے

خضدار (یو این اے) تحصیل وڈھ میں قومی شاہراہ پر وڈھ سے خضدار چلنے والی منی ویگن پر بازار کے قریب فائرنگ۔ فائرنگ سے کوئی نقصان کی اطلاع نہیں۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل وڈھ میں قومی شاہراہ پر نامعلوم افراد کی جانب سے ویگن پر فائرنگ کی گئی فائرنگ سے ویگن کے ٹائر برسٹ برسٹ ہوگئے کوئی جانی نقصان کی الاع نہیں ملی۔ فائرنگ کے بعد ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ واضح رہے کہ وڈھ میں ایک مہینے سے وقتاً "فوقتاً "وڈھ بازار کے تاجروں کے لئے سامان لانے اور لے جانے والے گاڑیوں پر فائرنگ کا سلسلہ جاری ہے۔

کوئٹہ پولیس نے 3 ملزمان کو گرفتار کر کے چھینی گئی موٹر سائیکلیں برآمد کرلیں

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد 3 ملزمان کو گرفتار کر کے چھینی گئی موٹر سائیکلیں برآمد کرلیں۔ پولیس کے مطابق جمعرات کو ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایات، ڈی ایس پی سرایاب سرکل طالب حسین کی نگرانی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

جماعت اسلامی عوام کے حقوق کی جنگ ہر سطح پر جاری رکھے گی، ڈاکٹر حمیرا طارق

جب خواتین میدان میں آجائیں تو انقلاب قریب ہوتا ہے، حق کی جدوجہد ہر گھر کی آواز بن چکی ہے

لاہور (پ ر) جماعت اسلامی حلقہ خواتین لاہور کے زیر اہتمام وحدت روڈ لاہور پر مہنگائی، بجلی، گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے، ظالمانہ ٹیکسوں اور عوام دشمن معاشی پالیسیوں کے خلاف ایک بھرپور احتجاجی ریلی نکالی گئی جس میں لاہور بھر (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر)

بسیمہ، یوم استحصال کشمیر بھرپور قومی جذبے کے ساتھ منایا گیا

پاکستان کا ہر شہری کشمیری عوام کی جائز جدوجہد آزادی کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا، مقررین

بسیمہ (نامہ نگار) بسیمہ میں بھی یوم استحصال کشمیر بھرپور قومی جذبے اور کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے ساتھ منایا گیا بسیمہ کے مختلف نجی و سرکاری سکولوں میں تقریبات کا انعقاد کیا گیا جن میں طلباء و طالبات سمیت اساتذہ کرام نے کثیر تعداد میں شرکت کی جبکہ بازار (بقیہ نمبر 6 صفحہ 2 پر)

تحصیل بھاگ ناڑی میں ساون کی فصلوں کے بیج کی شدید قلت

5 سے 50 ہزار روپے فی بوری قیمت غریب کسانوں کی پہنچ سے باہر

بھاگ (یو این اے) بلوچستان کے بارانی علاقے تحصیل بھاگ ناڑی و ملحقہ علاقوں میں ساون کی اہم فصلیں جواری گوار مونگ موٹھ کے بیج کی قلت کسان کا شکار پریشان محدود پیمانے پر موجود بیج کی قیمتیں آسمان کو چھونے لگیں فی بوری جواری کی قیمت 35 ہزار سے پچاس (بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر)

جیکب آباد ڈپٹی کمشنر جیکب آباد شہزاد احمد ساہی ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین و دیگر سندھ بلوچستان کے صدر سیم نالے کے حوالے سے تبادلہ خیال کر رہے ہیں

پولیس افسران اور جوانوں نے امن کے قیام کیلئے لازوال قربانیاں دی ہیں، ضیاء لانگو

صوبے میں امن واستحکام اور پائیدار امن کے قیام کے لیے اب تک 1195 پولیس آفیسران اور جوانوں نے جام شہادت نوش کیا

بلوچستان پولیس اپنے فرائض کے حوالے سے ہمیشہ سے پرعزم ہے، زندہ قومیں اپنے ہیروز کو کبھی فراموش نہیں کرسکتیں

کوئٹہ (خ ن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا کہ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ صوبے میں امن واستحکام اور پائیدار امن کے قیام کے لیے اب تک 1195 پولیس آفیسران اور جوانوں نے جام شہادت نوش کیا ہے ان گمنام ہیروز نے اپنا خون دیکر ہمیں جینے کا حق دیا (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، مرکزی انجمن تاجران وودکانداران بلوچستان کے صدر امر الدین آغا اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

صحبت پور کے قریب فائرنگ سے زخمی ہونے والا شخص ہسپتال میں دم توڑ گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) صحبت پور کے قریب فائرنگ کا زخمی کراچی کی نجی ہسپتال میں دم توڑ دیا پولیس کے مطابق صحبت پور آر ڈی 309 گوٹھ کامران کنڈرانی میں فائرنگ کے تبادلے میں ہونے والا رفیق احمد کراچی کی نجی ہسپتال میں دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ دیا ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار مہوش کو گیس کے بل پر 101500 روپے کا ریلیف فراہم کروادیا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار مہوش کو گیس کے بل پر 101500 روپے کا ریلیف فراہم کروا دیا گیا۔ درخواست گزار مہوش نے بتایا کہ انہیں گیس آفس کی جانب سے غیر منصفانہ بل موصول ہوا جس کی درستگی کے لیے انہوں نے متعلقہ محکمے سے متعدد بار درخواست کی لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہذا، انہوں نے انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کردی

سکیورٹی خطرات سے نمٹنے کیلئے مشترکہ تعاون ناگزیر ہے، سعودی وزارت دفاع

ریاض (این این آئی) سعودی وزارت دفاع کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی نے کہا ہے کہ خطے اور دنیا کو نئے سیکیورٹی خطرات کا سامنا ہے، جن سے موثر انداز میں نمٹنے کے لیے مشترکہ تعاون ناگزیر ہو چکا ہے۔ اپنے بیان میں میجر جنرل ترکی المالکی نے کہا کہ ہر ملک کو اپنے قومی مفادات کے تحفظ کا مکمل حق حاصل ہے، جبکہ بحیرہ احمر سے متصل ممالک باہمی رابطے اور تعاون کو مسلسل فروغ دے رہے ہیں

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883708
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731628

بولان، سبی، کوئٹہ اور جیکب آباد روٹس پر ٹرانسپورٹ مافیا کا راج

من مانے کرائے وصول کیے جارہے ہیں، وزیراعلیٰ اور چیف جسٹس بلوچستان سے نوٹس لینے کا مطالبہ

بولان (یو این اے) سبی سے کوئٹہ اور سبی سے جیکب آباد جانے والی پبلک وین ٹرانسپورٹ مافیا کا روپ دھار چکی ہے جہاں روٹ پر چلنے والی گاڑیوں میں مسافروں سے دوگنا کرایہ وصول کیا جارہا ہے جبکہ انسانی جانوں کو شدید خطرات میں ڈال کر قانون کی دھجیاں اڑائی جارہی ہیں تفصیلات کے مطابق ٹرانسپورٹرز کی جانب سے وین کی فرنٹ ڈبل سیٹ کا کرایہ 1800 (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)

مہنگائی اور معاشی بدحالی نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی

معاشی پالیسیوں کا محور عام آدمی ہونا چاہیے۔ حافظ محمد صدیق مدنی

کوئٹہ: جمعیت علماء اسلام چمن بلوچستان کے رہنماء حافظ محمد صدیق مدنی نے کہا ہے کہ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، بجلی اور پیٹرولیم مصنوعات کی بلند قیمتوں، بے روزگاری اور معاشی بدحالی نے عام شہری، مزدور، کسان اور متوسط طبقے کی زندگی شدید مشکلات سے (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

حکومت کی رٹ ختم ہوچکی، شاہراہیں غیر محفوظ ہیں، جمعیت نظریاتی

بدامنی، مہنگائی اور شاہراہوں پر حملوں سے بلوچستان بحران کا شکار ہے

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف، سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ، مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجیم خان ایڈووکیٹ، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر)

مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، میر یاسین مینگل یونٹوں کے صدور پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے

فیصل جمالی

بلوچستان کی عوامی حکومت کی مثبت پالیسیوں کے نتیجے میں بلوچستان کے تمام دور دراز علاقوں میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیا

بلوچستان کو پسماندگی سے نکال کر خوشحالی کی راہ پر گامزن کررہے ہیں، تمام اضلاع میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیا

اوستہ محمد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما وصوبائی وزیر لائیوسٹاک، ایم پی اے اوستہ محمد سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے جدوجہد کی ہے اور یہ شہدا کی قربانیوں سے مضبوط ہونے والی جماعت ہے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر لائیوسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے خبر رساں ادارہ پو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر)

جیکب آباد/ڈپٹی کمشنر جیکب آباد شہزاد احمد ساہی ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین و دیگر سندھ بلوچستان کے صدر سیم نالے کے حوالے سے تبادلہ خیال کر رہے ہیں